پاکستان کی بری فوج میں
شامل ہو کر ملک و قوم کی خدمت کا مقدس
فریضہ سرانجام دیں

PERSONNEL ADMINISTRATION DIRECTORATE

پاک فوج میں جونیئر کمیشنڈ آفیسر (نائب خطیب)
اور سپاہی کی بھرتی

01 ستمبر سے 23 نومبر 2026 تک رجسٹریشن اور بھرتی کی جائے گی

اہلیت/ضرورت:-

پاکستان، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان کے شادی شدہ/غیر شادی شدہ مرد شہری۔

ضرورت جونیئر کمیشنڈ آفیسر (نائب خطیب)، سپاہی جنرل ڈیوٹی ٹریڈ، سپاہی ٹیکنیکل ٹریڈ، سپاہی ملٹری پولیس ٹریڈ، سپاہی ڈرائیور، سپاہی کلرک۔ سپاہی کک، ملٹری ورکر تمام ملازمتیں Pensionable۔ پینشن ایبل ہیں۔

عمر:-

جونیئر کمیشنڈ آفیسر (نائب خطیب): 24 نومبر 2026 کو 20 سال سے 28 سال، وہ امیدوار جو پہلے سے فوج میں سروس کر رہے ہیں ان کے لئے عمری حد 22 سے 35 سال اور سروس 1 سال سے 16 سال ہے۔

سپاہی ٹریڈ کے لئے: 24 نومبر 2026 کو ساڑھے 17 سال سے 23 سال۔

سینٹری ورکر: 24 نومبر 2026 کو ساڑھے 17 سال سے 35 سال۔

سپاہی ٹریڈز کے لئے عمر کی بالائی حد میں مندرجہ ذیل رعایات ہیں:

- گریجویٹ یا اس سے زیادہ تعلیم یافتہ امیدواران کے لئے عمر کی بالائی حد میں ایک سال تک کی رعایت ہے۔
- شہداء + جنگ کے دوران زخمی ہونے والوں کے لواحقین اور ڈرائیونگ لائسنس رکھنے والے امیدواران کے لئے عمر کی بالائی حد میں دو سال تک کی رعایت ہے (ایسے افراد کو بھرتی کے لئے ترجیح دی جائے گی)۔
- بلوچستان اور خیبر پختونخوا کے صرف ضم شدہ اضلاع کے ڈومیسائل حامل امیدواران کے لئے عمر میں تین سال تک کی رعایت ہے۔

قد:-

- جونیئر کمیشنڈ آفیسر (نائب خطیب) — کم از کم 5 فٹ 3 انچ (160cm)
- سپاہی جنرل ڈیوٹی/ سپاہی ڈرائیور/ سپاہی ٹیکنیکل — کم از کم 5 فٹ 6 انچ (167.5 cm)
- سپاہی ملٹری پولیس — کم از کم 5 فٹ 8 انچ (173cm)
- سپاہی کلرک/ کک/ سینٹری ورکر: — کم از کم 5 فٹ 3 انچ (160cm)

سپاہی ٹریڈز کے لئے بلوچستان/خیبر پختونخوا کے صرف ضم شدہ اضلاع اور گلگت بلتستان کے ڈومیسائل حامل امیدواران کے لئے قد میں دو انچ کی رعایت ہے (ماسوائے، سپاہی کلرک، سپاہی ملٹری پولیس، کک/ سینٹری ورکر)۔

تعلیمی قابلیت:-

جونیئر کمیشنڈ آفیسر (نائب خطیب): دینی مدرسہ سے درس نظامی جو کہ ہائیر ایجوکیشن کمیشن سے تصدیق شدہ ہو۔ کم از کم ایف اے/ ایف ایس سی یا مساوی۔ عربی بول چال میں مہارت، قرأت اور حفظ اضافی قابلیت تصور کی جائے گی۔

سپاہی جنرل ڈیوٹی/ سپاہی ڈرائیور/ سپاہی ملٹری پولیس: کم از کم میٹرک یا اس سے زیادہ۔ بلوچستان/خیبر پختونخواہ کے ضم شدہ اضلاع اور شہداء کے بچوں کے لئے کم از کم مڈل (ماسوائے ملٹری پولیس)۔

سپاہی ٹیکنیکل ٹریڈ: کم از کم میٹرک سائنس (بی گریڈ) اعلیٰ تعلیم یافتہ افراد کو ترجیح دی جائے گی۔

سپاہی کلرک: کم از کم انٹرمیڈیٹ (سی گریڈ)۔ بلوچستان، خیبر پختونخوا کے صرف ضم شدہ اضلاع اور گلگت بلتستان سے تعلق رکھنے والے امیدواروں کے لئے کم از کم انٹرمیڈیٹ (ڈی گریڈ) کمپیوٹر ڈپلومہ رکھنے والے اور اعلیٰ تعلیم یافتہ افراد کو ترجیح دی جائے گی۔

سپاہی کک: کم از کم مڈل، کوکنگ کا تجربہ رکھنے والے امیدواران کو ترجیح دی جائے گی۔

سینٹری ورکر: ناخواندہ (زیادہ سے زیادہ تعلیم پرائمری)۔

اقلیتوں کا کوٹہ:-

- اقلیتوں کے لئے مخصوص کوٹہ مختص ہے۔

مطلوبہ دستاویزات:-

- اصل اسناد بمعہ دو عدد تصدیق شدہ فوٹو کاپیاں۔
- چار عدد پاسپورٹ سائز تصاویر
- کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ
- ڈومیسائل اور باشندہ ریاست سرٹیفکیٹ (آزاد کشمیر کے امیدواروں کے لئے)

نیز رعایت کے حامل امیدواروں کے لئے متعلقہ کاغذات کا ساتھ ہونا ضروری ہے۔

انتخابی طریقہ کار:-

- جونیئر کمیشنڈ آفیسر (نائب خطیب) کے لئے امیدوار اپنی درخواستیں مجوزہ فارم پر آرمی سلیکشن اور ریکروٹمنٹ سنٹرز (گلگت، پشاور، ڈی آئی خان، مظفر آباد اور راولپنڈی، لاہور، فیصل آباد، ملتان، کوئٹہ، خضدار اور تربت، بنوں عاقل، حیدرآباد اور کراچی) سے 01 ستمبر سے 23 نومبر 2026 کے دوران حاصل کر سکتے ہیں۔
- امیدواران 1 ستمبر سے 16 نومبر 2026 تک اپنی رجسٹریشن www.joinpakarmy.gov.pk پر کرا سکتے ہیں۔ تاہم انٹرنیٹ (آن لائن) رجسٹریشن ضروری نہیں ہے۔ امیدواران 01 ستمبر سے 23 نومبر 2026 تک قریبی آرمی سلیکشن اور ریکروٹمنٹ آفس اور رجمنٹل سنٹر پر جا کر بھی رجسٹریشن کرا سکتے ہیں۔ رجسٹریشن کے بعد امیدواروں کو مختلف امتحانی مراحل سے گزارا جائے گا۔

مزید تفصیلات/ دوران ملازمت مراعات/ انتخابی طریقہ کار کے متعلق جاننے کے لئے قریبی آرمی سلیکشن اور ریکروٹمنٹ آفس یا رجمنٹل سنٹر سے رابطہ کریں یا ہماری ویب سائٹ وزٹ کریں

www.joinpakarmy.gov.pk